شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

16 فروری 2026ء

# پریس ریلیز

## پیمرا ٹی وی چینلز پر رمضان المبارک کے تقدس کو پامال ہونے سے روکے۔
## قومی پیغامِ امن کمیٹی کے اجلاس میں رمضان ٹرانسمیشن کے لیے ضابطۂ اخلاق کا جاری کرنا خوش آئند ہے، اس پر عمل درامد کو یقینی بنایا جائے۔

(شجاع الدین شیخ)

**لاہور (پ ر):** پیمرا ٹی وی چینلز پر رمضان المبارک کے تقدس کو پامال ہونے سے روکے۔ قومی پیغامِ امن کمیٹی کے اجلاس میں رمضان ٹرانسمیشن کے لیے ضابطۂ اخلاق کا جاری کرنا خوش آئند ہے، اس پر عمل درامد کو یقینی بنایا جائے۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر شجاع الدین شیخ نے ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کی آمد آمد ہے جو رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو رمضان المبارک کی صورت میں ایک بے حد و حساب نعمت بخشی ہے اور اس ماہِ مبارک میں دن کا روزہ اور قرآن پاک کو پڑھنے، سننے اور سمجھنے کے لیے قیام اللیل کا نسخۂ کیمیا عطا فرمایا ہے، تاکہ اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کو زیادہ سے زیادہ سمیٹا جا سکے۔ لیکن گزشتہ چند سالوں سے بعض ٹی وی چینلز پر خصوصی رمضان ٹرانسمیشنز کے نام پر جس طرح بیہودگی، کھیل تماشہ اور فرقہ واریت کو پھیلایا جارہا ہے وہ انتہائی قابلِ مذمت ہے۔ اس پر مستزاد یہ کہ انہی بابرکت ساعتوں میں کرکٹ کے ٹی 20 ورلڈ کپ کا انعقاد جس میں خرافات کی بھرمار ہے اور اس کی ٹی وی پر نشریات انتہائی افسوسناک بلکہ شرمناک ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ علماء کرام اور قومی پیغامِ امن کمیٹی کا مل بیٹھ کر ضابطۂ اخلاق جاری کرنا سر آنکھوں پر، البتہ حقیقی ضرورت اس امر کی ہے کہ پیمرا تمام ٹی وی چینلز کو ایک ضابطۂ اخلاق کا پابند بنائے اور صرف ایسے پروگرامز کو نشر کرنے کی اجازت ہو جن میں دینی روح اور وقار کے مطابق مستند مواد پر مبنی گفتگو پیش کی جائے۔ پھر یہ کہ فرقہ وارانہ گفتگو کرنے اور مناظرے کا انداز اپنا کر انتشار پھیلانے والوں پر پابندی عائد کی جائے۔ اُنہوں نے کہا کہ سحر اور افطار کی مقدس ساعتوں میں غیر اخلاقی اور فحاشی پر مبنی اشتہارات اور پروگراموں پر بھی پابندی عائد کی جائے۔ حقیقت یہ ہے کہ ایک اسلامی نظریاتی ریاست میں ٹی وی چینلز پر کسی بھی قسم کے غیر اسلامی اور خلافِ شریعت مواد کی نشریات اللہ اور رسول ﷺ کی کھلی نافرمانی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اس ماہِ مبارک کے دوران انفرادی اور اجتماعی سطح پر توبہ کریں۔ فلسطینی مسلمانوں اور مسجدِ اقصیٰ کی حرمت کے لیے خصوصی نوافل اور دعاؤں کا اہتمام کیا جائے اور غزہ سمیت دنیا بھر کے مجبور اور محصور مسلمانوں کی ہر ممکن مالی اور اخلاقی مدد کی جائے۔ حکومتِ پاکستان اور مقتدر حلقوں پر عوامی دباؤ بڑھایا جائے کہ وہ فلسطینی مسلمانوں کی عملی و عسکری مدد کریں۔ امیر تنظیم نے کہا کہ آیئے، رمضان المبارک کی رحمتوں اور برکتوں کو سمیٹتے ہوئے اس بات کا عزم کریں کہ پاکستان کو حقیقی معنوں میں ایک اسلامی فلاحی ریاست بنائیں گے۔ تب ہی ہمیں اللہ تعالیٰ کی رضا اور اُخروی نجات حاصل ہو گی۔ ان شاءاللہ!

جاری کردہ
رضاءالحق
مرکزی ناظم نشرواشاعت

تنظیمِ اسلامی

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: February 16th, 2026**

## The PEMRA must prevent the sanctity of the blessed month of Ramadan from being violated on television channels.

## The issuance of a code of conduct for Ramadan transmissions in the meeting of the National Paigham-e-Aman Committee is welcome; its implementation must be ensured.

**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR):** This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that the arrival of the blessed month of Ramadan is near – a month of mercy and blessings. The reality is that Allah Almighty has granted Muslims an immense and immeasurable blessing in the form of Ramadan. In this blessed month, fasting during the day and engaging in Qiyam-ul-Layl to read, listen to, and understand the Holy Qur'an has been prescribed as a precious formula so that the mercy of Allah may be gathered in abundance. However, over the past few years, under the name of special Ramadan transmissions, certain TV channels have been spreading vulgarity, frivolous entertainment, games, and sectarianism, which is highly condemnable. Moreover, the holding of the Cricket T20 World Cup during these blessed hours – an event filled with indecency – and its television broadcast is extremely regrettable and indeed shameful. He said that while the joint issuance of a code of conduct by the respected scholars and the National Paigham-e-Aman Committee is commendable, the real need is for PEMRA to bind all TV channels to a strict code of conduct and to permit only those programs to be aired that present authentic content in accordance with religious spirit and dignity. Furthermore, those who spread discord by adopting a sectarian tone and debate-style confrontation must be banned. He said that immoral and obscene advertisements and programs during the sacred hours of Sehri and Iftar must also be prohibited. The reality is that in an Islamic ideological state, the broadcasting of any un-Islamic and Shariah-violating content on TV channels is open disobedience of Allah and His Messenger ﷺ . It is necessary that during this blessed month we repent before Allah Almighty both individually and collectively. Special voluntary prayers and supplications should be arranged for the Palestinian Muslims and for the sanctity of Masjid al-Aqsa. Every possible financial and moral support should be extended to the oppressed and besieged Muslims of Gaza and across the world. Public pressure must be increased upon the Government of Pakistan and the state authorities to provide practical and military assistance to the Palestinian Muslims.
Shujauddin Shaikh concluded by saying: Let us resolve, while gathering the mercies and blessings of Ramadan, that we will strive to make Pakistan a truly Islamic welfare state. Only then will we attain the pleasure of Allah Almighty and salvation in the Hereafter. Insha'Allah.

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**